سوال

حدیث "اللھم خِرلِیْ وَاخترلی" کی مکمل تحقیق بھیج دیں۔

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی کام کا ارادہ کرتے تو یہ دعا فرماتے: "اَللّٰھُمَّ خِرلِی وَاخترلِی"

اس حدیث کو امام ترمذی نے سنن ترمذی میں، ابو یعلی نے مسند ابی یعلی میں اور امام بزار نے مسند بزار میں نقل کیا ہے۔

)سنن ترمذي، أبواب الدعوات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم: 3516، البزار: 59، أبو يعلى: 44(

امام البانی رحمہ اللہ نے السلسلة الضعيفة میں اور حسین سلیم اسد نے مسند ابی یعلی کی تحقیق میں اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔ **(السلسلة الضعيفة: 1515، مسند أبي يعلى بتحقيق حسین سلیم اسد)**

والله أعلم بالصواب

محدث فتوی کمیٹی